بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر پی اے بی (لیجس-IV (1) / ۲۰۱۸ مورخہ ۳۰ نومبر ۲۰۲۰ء

بجانب:۔

۱) جناب چیف سیکرٹری،
حکومت بلوچستان،
کوئٹہ۔

۲) جناب سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو
بلوچستان، کوئٹہ۔

عنوان:۔ **قرارداد نمبر ۹۲**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کی نشست منعقدہ مورخہ ۲۷ نومبر ۲۰۲۰ء میں پاس شدہ ذیل قرارداد نمبر ۹۲ منجانب ملک نصیر احمد شاہوانی، میر حمل کلمتی، جناب نصر اللہ خان زیرے، جناب احمد نواز بلوچ اور جناب اختر حسین لانگو اراکین صوبائی اسمبلی برائے ملاحظہ و مزید کارروائی ارسال خدمت ہے:۔

(نیز قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 114(2) کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو اسمبلی سیکرٹریٹ کی طرف سے اس اطلاع کی تاریخ سے ساٹھ یوم کے اندر پاسداری رپورٹ کی شکل میں آگاہ کریں)۔

قرارداد

''ہرگاہ کہ صوبہ بالخصوص ضلع گوادر کے لوگوں کی جدی پشتی اراضیات کو حکومت کی جانب سے سرکاری قرار دینے کی کوشش کی جارہی ہے۔ جس کی وجہ سے وہاں کے مقامی لوگوں میں شدید بے چینی اور اضطراب پایا جاتا ہے۔

لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ عوام کے عظیم تر مفاد میں اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرتے ہوئے پورے صوبے بالخصوص ضلع گوادر کے لوگوں کی جدی پشتی اراضیات کو سرکاری قرار دینے کے اپنے فیصلے کو واپس لے تاکہ صوبہ بالخصوص ضلع گوادر کے لوگوں میں پائی جانے والی شدید بے چینی اور اضطراب کا خاتمہ ممکن ہو سکے''۔

(طاہر شاہ کاکڑ)
سیکرٹری

نقل برائے اطلاع و ضروری کارروائی مرسل ہوئے بخدمت:

۱) جمیع معزز اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۲) جناب پرنسپل سیکرٹری برائے وزیر اعلیٰ بلوچستان، کوئٹہ۔
۳) جناب سیکرٹری برائے اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی۔
۴) پی ایس برائے سیکرٹری بلوچستان صوبائی اسمبلی۔

(عبدالرحمٰن)
اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)

Scanned with CamScanner